بسم اللہ الرحمن الرحیم

# "صفورا فاطمہ" نام رکھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا لڑکی کا نام "صفورا فاطمہ" رکھ سکتے ہیں؟

## جواب

"فاطمہ" حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شہزادی سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا اسم مبارک ہے اور "صفورا" حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادی اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ محترمہ کا نام پاک ہے۔ لہٰذا یہ نام رکھنا جائز و مستحسن ہے کہ حدیث پاک میں نیکوں کے نام پر ہی نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔ دونوں نام ملا کر بھی رکھ سکتے ہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابوشاھد مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2607

تاریخ اجرا: 28 جمادی الاولیٰ 1447ھ/20 نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net